**AQF / Fazil**

**23-01-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ شگفتہ یاسمین

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج ترو ونتا پورم میں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔ وزیر اعظم پورے کیرالہ میں ریل رابطوں میں توسیع کیلئے تین امرت بھارت ایکسپریس ریل گاڑیوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ بھی کریں گے۔

2- سرکار نے، اُن سوالات کو نوٹیفائی کر دیا ہے، جو پہلی اپریل سے شروع ہونے والی مردم شماری 2027 کے پہلے مرحلے میں لوگوں کے سامنے رکھے جائیں گے۔

3- مرکزی سرکار نیتاجی سبھاش چندر بوس کی 129 ویں جینتی کے سلسلے میں آج سے پراکرم دِوس منعقد کر رہی ہے۔

4- یوکرین میں، لڑائی ختم کرانے کی کوشش کے تحت روس، امریکہ اور یوکرین کی پہلی سہ فریقی میٹنگ آج متحدہ عرب امارات میں شروع ہو رہی ہے۔

5- بسنت پنچمی اور سرسوتی پوجا کا تہوار ملک کے مختلف حصوں میں منایا جا رہا ہے۔

6- اور کشمیر وادی میں گلمرگ اور کچھ دیگر علاقوں میں پھر سے برفباری ہوئی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM-KERALA**

وزیر اعظم نریندر مودی آج کیرالہ جا رہے ہیں، جہاں وہ ترووننتا پورم میں مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے، اور افتتاح کریں گے۔ جناب مودی اس موقعے پر موجود لوگوں سے خطاب بھی کریں گے۔ اِن پروجیکٹوں میں ریل کنیکٹی وِٹی، شہری علاقوں میں روزی روٹی، سائنس، اختراع، لوگوں کیلئے خدمات کی فراہمی اور جدید طرز کی حفظانِ صحت سہولیات شامل ہیں۔ اس سے جامع ترقی، تکنیکی فروغ اور لوگوں کیلئے بہتر معیارِ زندگی پر مسلسل توجہ مرکوز رکھنے کے وزیر اعظم کے موقف کی عکاسی ہوتی ہے۔

جناب مودی 4 نئی ٹرین خدمات کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ اِن میں تین امرت بھارت ایکسپریس ریل گاڑیاں اور ایک مسافر ٹرین شامل ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V/C - Smithy M Palluruthy**

*اپنے اس دورے میں وزیر اعظم **Thrissur - Guruvayur** مسافر ٹرین کے ساتھ ساتھ **Tambaram**، منگلورو اور **Charlappally** تک نئی امرت بھارت ایکسپریس ریل گاڑیوں کا افتتاح کریں گے۔ جناب مودی پی-ایم سوانِدھی کریڈٹ کارڈز کا آغاز کریں گے اور ایک لاکھ ریڑھی پٹری والوں کو پی-ایم سوانِدھی قرضے تقسیم کریں گے۔ وزیر اعظم طبّی سائنس اور ٹکنالوجی کے سری چترا **Tirunal** اِنسٹی ٹیوٹ میں **CSIR** ٹکنالوجی مرکز اور ریڈیو سرجری سینٹر کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ جناب مودی دوپہر کو ترو وننتا پورم سے روانہ ہونے سے قبل **BJP** کارکنوں کی میٹنگ میں بھی شرکت کریں گے۔*

*ترو وننتا پورم سے اسمتھی پلّوروتھی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**PM-TN VISIT**

وزیر اعظم نریندر مودی آج تمل ناڈو میں چنئی کے نزدیک **Madhuranthagam** کے مقام پر **NDA** اتحاد میں شامل پارٹیوں کے رہنماؤں کے ساتھ ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔ اس کیلئے وسیع انتظامات کیے گئے ہیں۔ جناب مودی آج دن میں سوا دو بجے کے آس پاس ترووننتا پورم سے چنئی پہنچیں گے۔ بعد میں وہ ہیلی کاپٹر کے ذریعے جلسے کے مقام پر جائیں گے۔ اس عوامی جلسے میں تقریباً 5 لاکھ لوگوں کے آنے کی امید ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C - Joy**

*تقریب کے مقام کے اطراف سبھی اتحادی پارٹیوں کے رنگ برنگے جھنڈوں کے ساتھ بڑے پیمانے پر انتظامات کئے گئے ہیں۔ ضلع میں ڈرون اور غباروں کے استعمال پر پابندی لگادی گئی ہے۔ **GST** روڈ صبح سات بجے سے شام سات بجے تک بھاری ٹریفک کیلئے بند رہے گی۔ **BJP** کے سینئر لیڈر اور تمل ناڈو کے چناؤ انچارج پیوش گوئل تقریب کی تیاریوں کے سلسلے میں شہر میں ہیں اور رہنماؤں سے ملاقات کررہے ہیں۔ ریاستی اپوزیشن لیڈر اور **AIADMK** کے جنرل سکریٹری **Edappadi Palanisamy** سابق مرکزی وزراء اور دیگر رہنما اس موقع پر موجود رہیں گے۔ اسمبلی انتخابات کے سلسلے میں یہ پہلی سیاسی اور عوامی تقریب ہے، جن کا جلد ہی اعلان کیا جائے گا۔*

*چنئی سے **Joy** کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں۔۔*

**GOVT CENSUS**

سرکار نے، ایسے 33 سوالوں کو نوٹیفائی کیا ہے، جو پہلی اپریل سے شروع ہونے والی مردم شماری کے پہلے مرحلے کے دوران شہریوں کے سامنے رکھے جائیں گے۔ مردم شماری 2027 کے پہلے مرحلے میں 30 دن کی مدّت کے دوران گھروں کی گنتی کی جائے گی۔ ہر ریاست اور مرکز کے زیر انتظام علاقے کی سرکار پہلی اپریل اور 30 ستمبر کے درمیان اس مدّت کا تعین کرے گی۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V/C - Ashish**

*اس مرحلے میں، مردم شماری سے وابستہ اہلکار مکان کی ملکیت، اس کے استعمال، اس کے فرش اور چھت میں استعمال ہونے والے میٹیریل کی نوعیت، کمروں کی تعداد اور کنبے کے سربراہ کے مرد یا عورت ہونے سے متعلق سوال شامل ہوں گے۔ اس کے بعد مکان کے استعمال، اس کی حالت اور وہاں عام طور پر رہنے والے افراد کی تعداد کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔ متعلقہ اہلکار کنبے کے سربراہ کے تعلق سے یہ بھی پوچھیں گے کہ اُس کا تعلق درجِ فہرست ذاتوں، درجِ فہرست قبیلوں یا کس دیگر طبقے سے ہے۔ لوگوں سے مکان میں بنیادی سہولیات کے بارے میں بھی پوچھا جائے گا، جس میں پینے کے پانی کے اصل وسیلے، روشنی، بیت الخلا کی نوعیت، کوڑے کچرے کو ٹھکانے لگانے، LPG اور PNG کنکیشن نیز کھانا پکانے کیلئے استعمال ہونے والے اصل اینڈھن کے تعلق سے بھی سوال کیے جائیں گے۔ یہ مردم شماری دو مرحلوں میں کی جائے گی۔ اپریل سے ستمبر تک گھروں کی گنتی اور اس کے بعد اگلے سال فروری میں آبادی کی گنتی کا عمل شروع ہوگا۔*

*دلّی سے آشیش ابراہم کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**PARAKARAM DIWAS**

وزارتِ ثقافت نیتاجی سبھاش چندر بوس کی 129 ویں جینتی کے سلسلے میں انڈمان نکوبار جزائر آج سے پراکرم دِوس 2026 منعقد کر رہی ہے۔ مجاہد آزادی نیتاجی سبھاش چندر بوس کی زندگی اور وراثت سے وابستہ تقریبات کا اہتمام ملک کے 13 دیگر مقامات پر بھی کیا جا رہا ہے۔ اس موقعے پر نیتاجی کی دلیری، قربانی اور حب الوطنی کی دائمی وراثت کو خراجِ تحسین پیش کیا جائے گا۔ وزارت کے مطابق اِن تقریبات کے تحت ایک ثقافتی پروگرام، نمائشیں اور نیشنل اسکول آف ڈرامہ کی جانب سے تھیئٹر پروگرام بھی منعقد کیا جائے گا۔ تقریبات اس مہینے کی 25 تاریخ تک جاری رہیں گی۔ ×

**PRAGATI SPECIAL STORY**

سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ سے متعلق وزیر اعظم کے سرکردہ پلیٹ فارم **PRAGATI** نے اپنی **50** ویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے **2015** میں اس کا آغاز کیا تھا اور اُس وقت سے **PRAGATI** پلیٹ فارم نے وزیر اعظم کے براہِ راست جائزے کے ذریعے حکمرانی کے عمل کی کایا پلٹ کی ہے اور ایسا بروقت نگرانی اور بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں اور دیگر عوامی شکایات کا ازالہ کر کے کیا گیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم امدادِ باہمی سے متعلق وفاقیت کی مثال پیش کرتا ہے اور مرکز، ریاستوں اور مرکزی وزارتوں کو ایک واحد ڈیجیٹل رابطہ فراہم کرتا ہے۔ آج ہم اِس خصوصی سیریز کے تحت جے پور-سیکر-چورو **Gauge Conversion** پروجیکٹ کا جائزہ لیں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **VC / Suparna**

*جے پور-سیکر-چورو **Gauge Conversion** پروجیکٹ، راجستھان میں ریلوے کی وزارت کے تحت شمال مغربی ریلوے کی جانب سے نافذ کردہ ریلوے کے بنیادی ڈھانچے سے متعلق ایک اہم پہل ہے۔ اس پروجیکٹ کے تحت موجودہ میٹر گیج الائنمنٹ کو براڈ گیج میں تبدیل کرنا تھا، جس کی کُل لمبائی تقریباً **320** کلومیٹر تھی اور اس پر ایک ہزار **222** کروڑ روپے کی کُل لاگت آنی تھی۔ **28** ستمبر **2016** کو پرگتی کے تحت وزیراعظم نریندر مودی نے اس پروجیکٹ کا جائزہ لیا۔ جائزے کے دوران وزیراعظم مودی نے اس بات کا اندازہ کیا کہ اس پروجیکٹ پر زمین کے تنازع اور جنگلات سے متعلق اعتراضات کے سبب پیشرفت نہیں ہورہی ہے۔ وزیراعظم نے ریلوے کی وزارت اور حکومت راجستھان کو ماحولیات، جنگلات اور آب وہوا کی تبدیلی کی وزارت کے ساتھ صلاح ومشورے کے بعد زمین اور جنگلات سے متعلق معاملات کو جلد سے جلد حل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ دسمبر **2016** تک ریلوے کی وزارت نے اس بات کی تصدیق کی یہ اس پروجیکٹ پر بلارکاوٹ کام جاری ہے۔ اپریل **2019** میں کامیابی کے ساتھ اس پروجیکٹ کا آغاز ہوا۔*

*دلّی سے سُپرنا سائیکا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**PM-BRAZIL PREZ**

وزیراعظم نریندر مودی کو کل برازیل کے صدر **Lula da Silva** کی جانب سے ایک ٹیلی فون کال موصول ہوئی۔ دونوں رہنماؤں نے بھارت-برازیل کلیدی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے اور آئندہ برس اسے مزید بلندی عطا کرنے کے اپنے عزم

کا اعادہ کیا۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ دونوں رہنماؤں نے تجارت اور سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، دفاع، توانائی، زراعت اور عوام سے عوام کے رابطوں سمیت باہمی اشتراک کے وسیع تر شعبوں میں ہوئی نمایاں پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی نظریات کا تبادلہ کیا۔ وزیراعظم مودی نے کہا کہ وہ جلد سے جلد برازیل کے صدر کی بھارت آمد کے منتظر ہیں۔×

**UKRAIN-US-RUSSIA**

یوکرین کے صدر ولودومیر زیلنسکی نے اعلان کیا ہے کہ آج اور کل متحدہ عرب امارات میں یوکرین، امریکہ اور روس ایک سہ فریقی میٹنگ کریں گے۔ 2022 میں جنگ کے بعد سے یہ پہلا موقع ہے، جب اُسے ختم کرنے کے سلسلے میں سبھی تین ملکوں کے وفود مل کر تبادلہ خیال کریں گے۔ Davos میں عالمی اقتصادی فورم میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات کے بعد جناب زیلنسکی نے یہ بات کہی۔ امریکی صدر نے بات چیت کو مثبت قرار دیا اور زور دیا کہ جنگ ختم ہونی چاہیئے۔×

**BASANT PANCHMI**

آج بسنت پنچمی اور سرسوتی پوجا کا تہوار ملک کے مختلف حصوں میں مذہبی عقیدت اور پورے جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ اس موقعے پر لوگ، خاص طور پر طلبا علم و دانش کی دیوی، سرسوتی کی پوجا کرتے ہیں۔ یہ فیسٹیول موسمِ بہار کی آمد کی بھی علامت ہے، جو نئی شروعات اور فطرت کی خوبصورتی کا جشن منانے کا وقت ہے۔×

**UP-BASANT PANCHMI**

اترپردیش میں بسنت پنچمی پوری مذہبی عقیدت کے ساتھ منائی جا رہی ہے۔ اس کے ساتھ ہی 40 دن طویل ہولی اُتسو متھرا ورنداون میں شروع ہو جائے گا اور عقیدتمند مختلف مندروں میں بھگوان کرشن کے ساتھ ہولی کھیلیں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V/C - Sushil Chandra Tiwari**

*آج وارانسی میں، اس موقعے پر بابا وشواناتھ **Tilkotsav** کی روایتی رسم بھی ادا کی جائے گی۔*

*بسنت پنچمی کے موقعے پر لاکھوں لوگ پریاگ راج میں، گنگا، جمنا اور سرسوتی کے سنگم پر پوتر ڈبکی لگانے کیلئے صبح سویرے سے بڑی تعداد میں جمع ہو رہے ہیں، جو ماگھ میلے کا ایک اہم اشنان ہے۔ یہ دن سرسوتی پوجا کے طور پر بھی منایا جاتا ہے۔ اس موقعے پر اسکولوں اور کالجوں میں علم و دانش کی دیوی پوجا ارچنا کیلئے مختلف پروگراموں کا اہتمام کیا گیا ہے۔*

*لکھنؤ سے سُشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج ہماچل پردیش، جموں وکشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفرآباد، پنجاب اور اتراکھنڈ میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے، اولے پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کے ساتھ ساتھ شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، راجستھان اور مغربی اور مشرقی اترپردیش میں بھی گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے، اولے گرنے اور تیز ہوائیں چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔ ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں کہیں کہیں گھنا کُہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔ IMD کے مطابق آئندہ 12 گھنٹوں میں ملک کے شمال مغربی اور وسطی حصوں میں کم از کم درجہ حرارت میں دو سے چار ڈگری سیلسیس کے اضافے کا امکان ہے۔×

**KASHMIR-SNOWFALL**

گلمرگ میں مقبول Ski-Resort اور کشمیر وادی کے کچھ دیگر علاقوں میں تازہ برفباری ہوئی ہے۔ جموں وکشمیر میں مغربی سمت سے ہونے والی موسم کی شدید تبدیلی کے زیر اثر کل شام بارہ مولہ ضلع میں تازہ برفباری شروع ہوئی۔ دیگر علاقوں، خاص طور سے بالائی مقامات، کپواڑہ اور شوپیاں بھی تازہ برفباری ہوئی۔ سری نگر سمیت وادی کشمیر کے کئی میدانی علاقوں میں بارش ہوئی۔×

**BADMINTON**

بیڈمنٹن میں کل جکارتہ میں بھارت کے سرکردہ بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو اور لکشیہ سین انڈونیشیا ماسٹرس بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے۔ خواتین کے سنگلز میں دو مرتبہ اولمپک میڈل جیت چکی پی وی سندھو ڈِنمارک کی کھلاڑی کو اکیس-اُنیس، اکیس-اٹھارہ سے ہراکر کوارٹر فائنل میں پہنچیں۔

مردوں کے سنگلز میں ساتویں پوزیشن کے کھلاڑی لکشیہ سین بھی ہانگ کانگ کے Jason Gunawan کو اکیس-دَس، اکیس- گیارہ سے ہراکر کوارٹر فائنل میں داخل ہوئے۔×

**CRICKET-WPL**

خواتین پریمئرلیگ کرکٹ میں کل رات وڈودرہ کے BCA اسٹیڈیم میں کھیلے گئے لیگ مرحلے کے ایک میچ میں گجرات جائنٹس نے یوپی واریئرس کو 45 رن سے ہرادیا۔ یوپی واریئرس کو 154 رن کا جیت کا نشانہ ملا تھا اور اُس کی پوری ٹیم محض 17 اوورس اور تین گیندوں میں 108 رن بناکر آؤٹ ہوگئی۔ اس سے قبل پہلے بلے بازی کرتے ہوئے گجرات جائنٹس نے مقررہ 20 اوورس میں 8 وکٹ کے نقصان پر 153 رن بنائے تھے۔ راجیشوری گائیکواڑ نے گجرات جائنٹس کیلئے تین وکٹ

حاصل کئے اور انہیں میچ کی بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... ارجمندعلی خان

شکریہ - شگفتہ یاسمین

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے بیشتر اردو اخبارات نے وزیرِاعظم نریندر مودی کے کیرالہ دورے کو اپنی اہم خبر کے طور پر صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ ہندوستان ایکسپریس کی شہ سرخی ہے: وزیرِاعظم 23 جنوری کو کیرالہ کا دورہ کریں گے، پرتاپ نے شہ سرخی لگائی ہے۔'وزیرِاعظم آ'ج کیرالہ میں ترقیاتی پروجیکٹس کا سنگ بنیاد رکھیں گے'۔مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کا یہ بیان کہ ہندوستانی روایات میں ہی عالمی مسائل کا حل ہے، پرتاپ کے صفحہ اول کی پہلی خبر کے طور پر موجود ہے۔

یوم جمہوریہ سے متعلق خبروں کو سبھی اخبارات نے نمایاں اہمیت دیتے ہوئے الگ الگ شہ سرخیوں کے ساتھ شائع کیا ہے۔ انقلاب کی شہ سرخی ہے: یوم جمہوریہ فُل ڈریس ریہرسل آج، دلّی میں ہائی الرٹ۔ وہیں ہندوستان ایکسپریس کی شہ سرخی ہے: دلّی کے راج پتھ پر یوم جمہوریہ کی پریڈ کے دوران ' وندے ماترم' کی خصوصی پیشکش۔ الیکشن کمیشن نے لانچ کی ECI نیٹ ایپ' تمام سہولتیں ایک جگہ پر دستیاب، اس خبر کو ہندوستان ایکسپریس نے نمایاں اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ انقلاب کے صفحہ اول کی ایک اور اہم خبر ہے 'بجٹ اجلاس سے قبل 27 جنوری کو آل پارٹی میٹنگ۔

کچھ خاص بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ ٹرمپ نے غزہ بورڈ آف پیس کا اعلان کیا۔

☆ خفیہ یوروپی دستاویز میں غزہ امن کونسل کے اختیارات پر سوال۔

☆ گرین لینڈ کے معاملے پر صدر ٹرمپ کے دباؤ کے آگے نہیں جھکیں گے-برطانیہ۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج ترو وننتا پورم میں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔ وزیر اعظم پورے کیرالہ میں ریل رابطوں میں توسیع کیلئے تین امرت بھارت ایکسپریس ریل گاڑیوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ بھی کریں گے۔

2- سرکار نے، اُن سوالات کو نوٹیفائی کر دیا ہے، جو پہلی اپریل سے شروع ہونے والی مردم شماری 2027 کے پہلے مرحلے میں لوگوں کے سامنے رکھے جائیں گے۔

3- مرکزی سرکار نیتاجی سبھاش چندر بوس کی 129 ویں جینتی کے سلسلے میں آج سے پراکرم دِوس منعقد کر رہی ہے۔

4- یوکرین میں، لڑائی ختم کرانے کی کوشش کے تحت روس، امریکہ اور یوکرین کی پہلی سہ فریقی میٹنگ آج متحدہ عرب امارات میں شروع ہو رہی ہے۔

5- بسنت پنچمی اور سرسوتی پوجا کا تہوار ملک کے مختلف حصوں میں منایا جا رہا ہے۔

6- اور کشمیر وادی میں گلمرگ اور کچھ دیگر علاقوں میں پھر سے برفباری ہوئی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------